منفرد انداز میں پیش کیا ہے۔ اسلام اور حقوق العباد کے بعض ایسے گوشے سامنے آئے ہیں جو سیرتِ رسولؐ کا جوہر ہیں۔ مولانا مہر نے اسے اپنے ۲۰ سالہ مطالعے کے دوران قرآن، حدیث، سیرت کے مطالعے اور غور وفکر کے نتائج کی روشنی میں مرتب کیا ہے۔ خدمت کے میدان میں کام کرنے والوں کے لیے قرآن وسنت سے عمدہ لوازمہ۔]

◉ **قومی ذریعۂ تعلیم**، ڈاکٹر محمد شریف نظامی۔ ناشر: پاکستان قومی زبان تحریک، ۲۶-اے، بلاک رحمٰن پورہ کالونی، فیروز پور روڈ، لاہور۔ فون: ۴۳۲۵۸۳۵-۰۳۰۳۔ صفحات: ۳۲۔ قیمت: درج نہیں۔[پاکستان کی فوجی اور سیاسی حکومتوں نے انگریزی کی محبت میں، پاکستان کے نظامِ تعلیم کو بربادی کی جس ڈھلوان سے لڑھکا دیا ہے، سب کے سامنے ہے۔ اس المناک صورتِ حال کے پس منظر کو اختصار کے ساتھ قلم بند کردیا گیا ہے۔ ملک کے مستقبل کا درد رکھنے والوں کے لیے ایک مفید مطالعہ۔]

◉ **Gender Equity in Islam** [اسلام میں صنفی انصاف]، ڈاکٹر جمال بداوی۔ ناشر: قلم پبلی کیشنز، بی-۲۲۶، سیکٹر ۱۱-اے، نارتھ کراچی۔ صفحات: ۶۹۔ قیمت: درج نہیں۔ [اسلام نے رنگ ونسل کی تفریق سے بالا ہوکر، اور صنفی امتیازات کے جابرانہ شکنجوں کو توڑتے ہوئے، انسانی فطرت کے عین مطابق حقوق وفرائض اور عدل وانصاف کا ایک متوازن نظام عطا کیا ہے۔ آج مغربی تہذیب اور لادینیت کے پروپیگنڈے سے متاثر لوگوں کے ہاں اس حوالے سے بہت سے خلجان پائے جاتے ہیں، جن کے تحت وہ کم علمی یا بے خبری کے باعث اسلام میں خواتین کی حیثیت اور مقام ومرتبے کے بارے میں شاکی دکھائی دیتے ہیں۔ اس کتاب میں ایسے تمام قابلِ ذکر اعتراضات پر مشتمل نکات کو سامنے رکھ کر، کہ جو اہلِ مغرب کے ہاں اسلام کے بارے میں فسادِ خبر کی بنیاد بنے ہوئے ہیں، نہ صرف شافی جواب دیا گیا ہے، بلکہ مثبت طور پر اسلام کا نقطۂ نظر بھی پیش کیا گیا ہے۔]

◉ **روزہ اور صحت**، جدید سائنس کی روشنی میں، ڈاکٹر شکیل احمد۔ ناشر: رہبر پبلی شرز، اُردو بازار، کراچی۔ فون: ۳۲۶۲۸۴۸۴-۰۲۱۔ [رمضان کی خیروبرکات اور روزے کے طبی فوائد کے ساتھ ساتھ حفظانِ صحت کے اصول بیان کیے گئے ہیں۔ عام بیماریوں، مثلاً ذیابیطس، امراضِ قلب، بلڈپریشر، سانس اور یرقان وغیرہ کے بارے میں روزے کے دوران عمومی مسائل پر رہنمائی دی گئی ہے، نیز رمضان کے مخصوص پکوان اور متوازن غذا کے پیشِ نظر سحر اور افطار کے مینو دیے گئے ہیں۔ یہ مشورہ بھی دیا گیا ہے کہ رمضان میں سیر کے معمول کو سحری سے قبل یا تراویح کے بعد جاری رکھیے۔]

◉ **اُمت مسلمہ کے مسائل اور ان کا حل**، ڈاکٹر محمود احمد غازی، تدوین: سید عزیز الرحمٰن۔ ناشر: ریجنل دعوۃ سینٹر، سندھ۔ پی ایس-۱/۵-کے ڈی اے، اسکیم ۳۳، احسن آباد نزد گلشن معمار، کراچی۔ فون: ۳۶۸۸۱۸۶۲-۰۲۱۔ صفحات: ۳۲۔ قیمت: درج نہیں۔ [آج اُمت مسلمہ کو ہمہ گیر چیلنج کا سامنا ہے اور ماضی میں درپیش تمام چیلنج مجتمع ہوکر سامنے آگئے ہیں۔ پانچ دائروں (اساسیات دین، تعلیماتِ شریعت، تحقیق، ذاتی ذوق اور فرقہ واریت، نیز عالم گیریت) میں ان چیلنجوں کا احاطہ کر کے ان کا حل اور عملی لائحہ عمل پیش کیا گیا ہے۔]